# مولانا آزاد نیشنل اردو یونیورسٹی، حیدر آباد

# MAULANA AZAD NATIONAL URDU UNIVERSITY, HYDERABAD

(A Central University established by an Act of Parliament of India, 1998)

مفوضہ کام (فاصلاتی طرز)

**بی۔اے۔(تاریخ)**

دوسرا سمسٹر

Batch 2020-2021

☆ہدایات☆

مفوضہ کام(Assignments)مولانا آزاد نیشنل اردو یونیورسٹی کے بی۔اے۔(فاصلاتی طرز) پروگرام کا لازمی جز ہے۔ مفوضہ کام کے لیے 30 نمبرات مختص ہیں۔ ہر پرچے کے تین مفوضہ کام ہیں۔ آپ کو ہر پرچے کے مفوضہ کاموں کے جوابات تحریر کرتے ہوئے مقررہ تاریخ پر داخل کرنے ہوں گے۔ سہولت کی خاطر ہر مفوضہ کام کے تیس نمبر رکھے گئے ہیں، ان کا اوسط آپ کے سمسٹر امتحان کے نمبرات میں شامل کیا جائے گا۔ مفوضہ کام میں کامیابی حاصل کرنے کے لیے جملہ 30 نمبرات میں سے 12 نمبرات حاصل کرنے ہوں گے۔ سمسٹر کے اختتام پر سمسٹر امتحان ہوگا اور ہر پرچے کے 70 نمبرات ہوں گے۔ ہر پرچے میں کامیابی کے لیے کم از کم 28 نمبرات حاصل کرنا لازمی ہے۔ مفوضہ کام تحریر کرنے سے متعلق ضروری ہدایات درج ذیل ہیں۔

1. ہر مفوضہ کام کے جوابات علاحدہ، مناسب، سفید، فُل اسکیپ(A4 Page)کاغذ پر اپنے ہاتھ سے لکھیے۔ ہر صفحہ پر دونوں جانب کم از کم ایک اِنچ کا حاشیہ ضرور چھوڑا جائے۔
2. جوابات پر 'حصہ' اور 'سوال نمبر' ضرور درج کیجیے۔ غلط سوال درج کرنے کی صورت میں آپ کے تحریر کردہ جواب کو نمبرات سے محروم رکھا جائے گا۔
3. مفوضہ کام کے کاغذات احتیاط کے ساتھ اپنے متعلقہ اِسٹڈی سینٹر (LSC) کے کوآرڈینیٹر کے نام ارسال کیجیے یا شخصی طور پر ان کے حوالے کیجیے۔
4. کوآرڈینیٹر سے اپنے مفوضہ کام کی رسید(Acknowledgement) بھی لیجیے۔

5. اگر آپ مفوضہ کام داخل نہ کر سکے یا کم از کم 12 نمبرات حاصل کرنے میں ناکامیاب رہے تو آپ کو آئندہ بیچ (Batch) کے مفوضہ کام کا انتظار کرنا ہوگا اور اس کے لیے نظامت فاصلاتی تعلیم، مولانا آزاد نیشنل اردو یونیورسٹی کی ویب سائٹ سے مسلسل رابطہ رکھنا ہوگا۔ ویب سائٹ: www.manuu.edu.in/dde

6. ایک مرتبہ مفوضہ کام میں کامیابی کے بعد نمبرات میں مزید اضافے کے لیے دوسری مرتبہ مفوضہ کام داخل کرنے کی اجازت نہیں ہے۔

7. مقررہ تاریخ کے بعد تفویضات (Assignments) قبول نہیں کیے جائیں گے۔

8. طلباء کو چاہیے کہ مفوضہ کام کے پہلے صفحے پر ان تفصیلات کو لازمی درج کریں:

| | |
|---|---|
| نام:---------------------------- | اسٹڈی سینٹر:---------------------------- |
| پتہ:---------------------------- | اندراج نمبر:---------------------------- |
| بی۔اے۔کا مضمون:------------------ | سال:---------------------------------- |
| پرچہ:---------------------------- | مفوضہ کام نمبر:---------------------------- |
| تاریخ:---------------------------- | دستخط:---------------------------------- |

# بی۔اے(فاصلاتی طرز)دوسرا سمسٹر

## پرچہ دوم : تاریخ ہند تیسری صدی قبل مسیح تا آٹھویں صدی عیسوی

## مفوضہ کام 1

### حصہ اول

1 ۔مندرجہ ذیل معروضی سوالات میں سے ہر ایک کا جواب دیجیے۔ 5X2=10

(i) چندر گپت موریہ کا جانشیں کون بنا؟

(a)بندوسار (b)اشوک (c)چندر گپت دوئم (d)بمبسار

(ii)موریا سلطنت کا دارالسلطنت تھا؟

(a)اُجین (b)توشالی (c)پاٹلی پتر (d)دکشن پتھ

(iii)سری لنکائی روزنامچے کے مطابق اشوک اپنے کس بھائی کو چھوڑ کر 99 بھائیوں کا قتل کر کے تخت نشین ہوا؟

(a)کنال (b)گوتم (c)تشیا (d)ست کرنی

(iv)موریا سامراج میں اشوک کے ذریعہ شامل کیا گیا صوبہ تھا؟

(a)مگدھ (b)کلنگ (c)مغربی صوبہ (d)دکنی صوبہ

(v)بدھ مذہب کے مسلمات کو طے کرنے کے لیے اشوک نے کس کی رہنمائی میں ایک مجلس طے کی تھی؟

(a)فاہیان (b)ہیون سانگ (c)اتشنگ (d)موگلی پت تسا

### حصہ دوم

ذیل میں دیے گئے سوالات میں سے کسی دو کے جواب دیجیے،ہر جواب کم سے کم دو صفحات پر مشتمل ہو اور کوئی صفحہ 15 سطر سے کم نہ ہو۔
2x5=10

2۔اشوک کی مذہبی رواداری پر مختصر نوٹ لکھیے۔

3۔موریہ عہد میں مقامی انتظامیہ کی ذمے داری پر روشنی ڈالیے۔

4۔ستواہن عہد کی سماجی حالت پر روشنی ڈالیے۔

5۔گندھار آرٹ اور فن تعمیر کی خصوصیات بیان کیجیے۔

## حصہ سوم

ذیل میں دیے گئے سوالات میں سے کسی ایک کا جواب دیجیے، یہ جواب کم سے کم چار صفحات پر مشتمل ہو اور کوئی صفحہ 15 سطر سے کم نہ ہو

1x10=10

6۔ موریہ سلطنت کے قیام اور استحکام میں چندر گپت موریہ کے کردار پر روشنی ڈالیے؟

7۔ موریہ حکمرانوں کے تحت صوبائی اور مقامی نظم و نسق سے اپنی واقفیت کا اظہار کیجیے؟

8۔ اشوک کی دھما پالیسی موریہ سلطنت کے زوال کا سبب تھی، کیا آپ اس سے متفق ہیں؟

# بی۔اے(فاصلاتی طرز)دوسرا سمسٹر
# پرچہ دوم : تاریخ ہند تیسری صدی قبل مسیح تا آٹھویں صدی عیسوی
# مفوضہ کام2

## حصہ اول

1 ۔مندرجہ ذیل معروضی سوالات میں سے ہر ایک کا جواب دیجیے۔ 5X2=10

(i) گپت خاندان کا سب سے عظیم سمراٹ کون تھا؟

(a)سمندر گپت (b)چندر گپت دوم (c)چندر گپت اول (d)شری گپت

(ii) چینی سیاح فاہیان کس گپت حکمراں کے دور میں ہندوستان آئے ؟

(a)چندر گپت وکرمادتیہ (b)سمندر گپت (c)کمار گپت اول (d)اسکند گپت

(iii) گپت عہد میں صوبہ کو کیا کہا جاتا تھا؟

(a)آہار (b)وشیہ (c)بھکتی (d) منڈل

(iv)ہری سین کا لکھا ہوا الٰہ بادستونی کتبہ کس گپت حکمراں کی عظیم الشان فتوحات کا ذکر کرتا ہے ؟

(a) چندر گپت وکرمادتیہ (b)سمندر گپت (c)کمار گپت اول (d)اسکند گپت

(v) گپت انتظامیہ میں محل کے محافظ افسر کو کیا کہا جاتا تھا؟

(a)سندھی وگراہک (b)ونیہ استھاپکا (c)مہاپرتی ہار (d) دنڈنایک

## حصہ دوم

ذیل میں دیے گئے سوالات میں سے کسی دو کے جواب دیجیے، ہر جواب کم سے کم دو صفحات پر مشتمل ہو اور کوئی صفحہ 15 سطر سے کم نہ ہو۔

2x5=10

2۔چندر گپت دوم کے بارے میں ایک مختصر نوٹ لکھیے۔

3۔ گپت عہد میں ذات پات کے نظام پر روشنی ڈالیے۔

4۔ سنگم ادب کا کیا مفہوم ہے ؟

5۔ شاہراہ ریشم کی اہمیت بیان کیجیے۔

## حصہ سوم

ذیل میں دیے گئے سوالات میں سے کسی ایک کا جواب دیجیے، یہ جواب کم سے کم چار صفحات پر مشتمل ہو اور کوئی صفحہ 15 سطر سے کم نہ ہو

1x10=10

6۔ گپت سلطنت کے مرکزی اور صوبائی نظم و نسق کا تفصیلی جائزہ لیجیے۔

7۔ سنگم عہد کے مفہوم اور ماخذ پر ایک مختصر مضمون لکھیے۔

8۔ گپت دور کی سماجی زندگی کے ماخذ پر تفصیلی روشنی ڈالیے۔

# بی۔اے(فاصلاتی طرز)دوسرا سمسٹر

# پرچہ دوم : تاریخ ہند تیسری صدی قبل مسیح تا آٹھویں صدی عیسوی

# مفوضہ کام 3

## حصہ اول

1 ۔مندرجہ ذیل معروضی سوالات میں سے ہر ایک کا جواب دیجیے۔ 5X2=10

(i) کس کتبے سے ہرش کی چار نسلوں تک کے شجرہ کا پتہ چلتا ہے؟

(a)سونی پت کا کتبہ (b)بانس کھیڑا کا کتبہ (c)مدھوبن تانبے کا کتبہ (d)ایہول منتکوئی کتبہ

(ii) ایہول کتبہ کے مطابق شہنشاہ ہرش کو کس چالوکیہ حکمراں کے ہاتھ شکست کھانی پڑی؟

(a)پلوکیشن دوم (b)وکرمادتیہ (c) ونیہ آدتیہ (d)انمیں سے کوئی نہیں

(iii) تنجاور کا برہدیشور مندر کس چولا حکمراں نے تعمیر کروایا؟

(a) وجیالیہ (b)راجیندر (c) راج راج اول (d)کلوتنگ

(iv) چول انتظامیہ میں نگرم کسے کہا جاتا تھا؟

(a) تاجروں کی اسمبلی (b)شہر کا کوتوال (c) افسر خزانہ (d)داروغہ اصطبل

(v) راشٹر کوٹ خاندان کی بنیاد کس نے ڈالی؟

(a) وجیالیہ (b)نرسمہاورمن (c) دنتی درگ (d)رودرامن اول

## حصہ دوم

ذیل میں دیے گئے سوالات میں سے کسی دو کے جواب دیجیے، ہر جواب کم سے کم دو صفحات پر مشتمل ہو اور کوئی صفحہ 15 سطر سے کم نہ ہو۔

2x5=10

2۔ہرش کا فوجی انتظام کیسا تھا؟

3۔پلو فن تعمیر کے بارے میں مختصراً بتائیے۔

4۔چول عہد کے دیہی نظم ونسق کی خصوصیات بیان کیجیے۔

5۔راشٹر کوٹ عہد میں تجارتی ترقی پر ایک مختصر مضمون لکھیے۔

## حصہ سوم

ذیل میں دیے گئے سوالات میں سے کسی ایک کا جواب دیجیے، یہ جواب کم سے کم چار صفحات پر مشتمل ہو اور کوئی صفحہ 15 سطر سے کم نہ ہو۔

1x10=10

6۔ چول حکمرانوں کے انتظامی نظم و نسق پر روشنی ڈالیے۔

7۔ جنوبی ہند میں فن تعمیر کے ارتقا پر ایک تفصیلی مضمون لکھیے۔

8۔ راشٹر کوٹ سلطنت کی توسیع پر ایک تفصیلی مضمون تحریر کیجیے۔